Department of Health & Mental Hygiene | **Department of Education**

Cheryl Lawrence, MD, FAAP
Medical Director

Office of School Health
30-30 47th Ave.
Long Island City, NY 11101

جولائی 2023

عزیزی والدین یا سرپرست،

نیو یارک شہر نے تعلیمی سال 2023-2024 کے لیے اسکول مامونیت (immunization) کے مطلوبات کی تجدید کی ہے۔ اس خط کے ساتھ 2023-2024 کے لیے ویکسین کے مطلوبات کی ایک فہرست شامل ہے۔ ویکسینز بچوں کو امراض کے لگنے اور پھیلنے سے بچاتے ہیں اور اسکول جانے والے بچوں کے لیے مطلوب ہیں۔ اگر آپ کا بچہ چائلڈ کیئر یا اسکول جا رہا ہے، تعلیمی سال شروع ہونے سے قبل، آپ کو مامونیت کا ثبوت دینے کے لیے مدافعتی ٹیکے یا خون کی جانچ کے نتائج لازماً جمع کرانے ہونگے۔

چائلڈ کیئر سے گریڈ 12 تک کے تمام طلبا کے لیے ڈپتھیریا، ٹیٹنس اور پرٹوسس (DTap) ؛ پولیو وائرس، میزلز، ممپس اور روبیلا (MMR)؛ ورسلا، اور ہیپٹائٹس B ویکسینز کے مطلوبات کی تکمیل کرنا لازمی ہے۔

5 سال سے کم عمر کے بچے جو چائلڈ کئیر اور پری کنڈرگارٹن میں مندرج ہیں انکے لیے انفلوئنزا (فلو) ویکسین کے مطلوبات کی تکمیل کرنا لازمی ہے (31 دسمبر، 2023 تک، لیکن ترجیحاً جب یہ خزاں کے اوائل میں دستیاب ہوجائے) اور ہیمو فیلس انفلونزا ٹائپ b (Hib) اور نیموکوکل کونجوگیٹ (PCV) ویکسینز۔ **گریڈز 6-12 تک کے بچوں کے لیے** ٹیٹنس- ڈپتھیریا اور پرٹوسس (Tdap) بوسٹر اور مییننگوکوکل کونجوگیٹ (MenACWY) ویکسین کے مطلوبات کی تکمیل کرنا لازمی ہے۔

خون کی جانچ بھی مطلوبات کی تکمیل کرتی ہے جو MMR، ورسلا، یا ہیپٹائٹس B سے مامونیت ظاہر کرتی ہے، (پولیو سے مامونیت صرف اس وقت تسلیم کی جائیگی اگر اسکا لیب ٹیسٹ ستمبر 2019 سے پہلے کیا گیا تھا)۔

اس موسم گرما میں وقت نکال کر اپنے بچے کے مدافعتی ٹیکوں کے طبی پس منظر کا ان کے صحتیاتی نگہداشت فراہم کنندہ کے ساتھ جائزہ لیں۔ آپکے بچے کا فراہم کنندہ آپ کو بتا سکتا ہے کہ آیا آپ کے بچے کو چائلڈ کئیر یا اسکول جانے کے لیے ایک یا زائد ویکسینز کی اضافی خوراکیں درکار ہیں۔ **توجہ:** اگر آپ کے بچے نے ویکسین کی خوراکیں کم سے کم عمر سے پہلے موصول کی تھیں (بہت جلدی)، وہ خوراکیں مطلوبہ خوراکوں کی تعداد میں شمار نہیں کی جاتی ہیں۔

اگر اپ کے ان 2023-2024 ویکسینز مطلوبات کے بارے میں کوئی سوالات ہوں، اپنے چائلڈ کئیر مرکز یا اسکول کے انتظامی دفتر سے رابطہ کریں۔

بخلوص،

Cheryl Lawrence

Cheryl Lawrence, MDF, FAAP
میڈیکل ڈائریکٹر
اسکول کا دفترِ صحت

کیا آپکا بچہ طفلی نگہداشت (چائلڈ کئیر) یا اسکول کے لیے تیار ہے؟

2023-2024 تعلیمی سال

نیویارک شہر میں مطلوبہ مدافعتی ٹیکوں کے بارے میں جانیں۔

نیویارک شہر میں 2 ماہ کی عمر سے لیکر 18 سال کی عمر تک کے تمام طلبا کو چائلڈ کئیر یا اسکول جانے کے لیے ذیل کے مدافعتی ٹیکے لگوانے لازمی ہیں۔ اس تعلیمی سال کے لیے اپنے بچے کی گریڈ سطح کی بنیاد پر ویکسین کی ضروریات کا جائزہ لیں۔ آپکے بچے کو درکار ویکسین کی خوراکوں کی تعداد، عمر اور پہلے لی جانے والے خوراکوں کی بنیاد پر مختلف ہو سکتی ہیں۔ آپ کے بچے کو اسکی صحت کے مخصوص حالات کی وجہ سے اضافی ویکسین یا ویکسین کی خوراکوں کی ضرورت ہو سکتی ہے یا اگر پچھلی خوراکیں بہت جلد دے دی گئی تھیں۔ خون کی جانچ بھی مطلوبات کی تکمیل کرتی ہے جو میزلز، ممپس اور روبیلا، ورسلا، یا ہیپٹائٹس B سے مامونیت ظاہر کرتی ہے، (پولیو سے مامونیت صرف اس وقت تسلیم کی جائیگی اگر اسکا لیب ٹیسٹ ستمبر 2019 سے پہلے کیا گیا تھا)۔

مدافعتی ٹیکے	چائلڈ کئیر، ہیڈ اسٹارٹ، نرسری، 3K یا پری کنڈرگارٹن	کنڈرگارٹن تا گریڈ 5	گریڈز 6 تا 11	گریڈ 12
ڈپتھیریا، ٹیٹنس اور پرٹوسس (DTaP)	**چار خوراکیں**	**پانچ خوراکیں** (یا **چار خوراکیں** صرف اگر چوتھی خوراک 4 سال یا زیادہ کی عمر میں موصول کی گئی تھی، یا **تین خوراکیں** صرف اگر بچے کی عمر 7 سال یا زیادہ ہے اور سلسلے کا آغاز 1 سال یا زیادہ کی عمر سے کیا گیا تھا)	**تین خوراکیں**	
ٹیٹنس، ڈپتھیریا اور پرٹوسس (Tdap) بوسٹر			**ایک خوراک** (11 سال یا زیادہ عمر میں مطلوب ہے جب گریڈز 6 سے 12 میں داخل ہو رہے ہوں اور 11 سال کی عمر تک تعمیل میں ہوں)	
پولیو (IPV یا OPV)	**تین خوراکیں**	**چار خوراکیں** (یا **3 خوراکیں** اگر تیسری خوراک 4 سال کی عمر یا اس سے زائد عمر میں لی گئی تھی)		
میزلز، ممپس اور روبیلا (MMR)	**ایک خوراک**	**دو خوراکیں**		
ہیپاٹائٹس B	**تین خوراکیں**	**تین خوراکیں**	**تین خوراکیں** (یا **دو خوراکیں بالغ ہیپٹائٹس B ویکسین**، Recombivax HB کی، اگر خوراکیں 11 اور 15 سال کی عمر کے درمیان کم از کم 4 ماہ کے وقفے سے لی گئی تھیں)	
ورسلا۔ (چکن پوکس)	**ایک خوراک**	**دو خوراکیں**		
مینگوکوکل کونجوگیٹ (MenACWY)			**6 گریڈ:** ناقابلِ اطلاق **گریڈز 7 سے 11:** ایک خوراک	**گریڈ 12: دو خوراکیں** (یا **ایک خوراک** اگر پہلی خوراک 16 سال یا اس سے زائد عمر میں لی گئی تھی)
ہیموفیلس انفلوئنزا ٹائپ b کونجوگیٹ (Hib)	**ایک سے چار خوراکیں** (بچے کی عمر اور خوراکوں پر منحصر جو انہوں نے پہلے موصول کی ہوں)			
نوموکوکل کونجوگیٹ (PCV)	**ایک سے چار خوراکیں** (بچے کی عمر اور خوراکوں پر منحصر جو انہوں نے پہلے موصول کی ہوں)			
انفلوئنزا (فلو):	**ایک خوراک**			

اگر آپکے کوئی سوالات ہیں اپنے بچے کے طبی نگہداشت فراہم کنندہ سے بات کریں۔
مزید معلومات کے لیے 311 پر فون کریں یا **nyc.gov/health** پر جائیں اور "طلبا کی ویکسینز" (**"Student vaccines"**) تلاش کریں۔

Department of Health & Mental Hygiene | **Department of Education**